DOMESTIC CRICKET SEASON 2020-21

قائداعظم ٹرافی سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ سندھ فاتح قرار

کراچی،12دسمبر2020ء:

قائداعظم ٹرافی سیکنڈ الیون 21 -2020ٹورنامنٹ سندھ کی ٹیم نے جیت لیا،سندھ نے پوائنٹس ٹیبل پر48پوائنٹس حاصل کیے اور پہلی پوزیشن حاصل کی،پوائنٹس کی بنیاد پر سندھ کو فاتح قرار دیا گیا۔سندھ نے ٹورنامنٹ میں 5 میچ جیتے ایک میچ میں شکست کا سامنا ہوا اور چار میچز بے نتیجہ رہے۔خیبر پختونخواہ کی ٹیم دوسرے نمبر پر رہی،خیبر پختونخواہ کی ٹیم نے45پوائنٹس حاصل کیے،خیبر پختونخواہ کی ٹیم نے دس میچز میں سے 5 میچ جیتے 2 میچز میں شکست ہوئی اور تین میچز ڈرا ہوئے۔سنٹرل پنجاب نے 31پوائنٹس لے کر ٹورنامنٹ میں تیسری پوزیشن حاصل کی،سنٹرل پنجاب نے تین میچ جیتے تین ہی ہارے اور چار میچز میں کوئی نتیجہ سامنے نہ آیا۔سدرن پنجاب نے27پوائنٹس کے ساتھ چوتھی پوزیشن حاصل کی ،سدرن پنجاب دو میچ جیتنے میں کامیاب ہوئی تین میچز میں شکست ہوئی جبکہ پانچ میچ ڈرا ہوئے،ناردرن نے 21پوائنٹس حاصل کیے ناردرن کی ٹیم کو پانچ میچز میں شکست کا سامنا ہوا، تین میچز ڈرا رہے جبکہ ناردرن دو میچ جیتنے میں کامیاب رہی یوں ناردرن ٹورنامنٹ میں 5ویں نمبر پر رہی۔بلوچستان کی ٹیم16پوائنٹس حاصل کرسکی،بلوچستان کی ٹیم صرف ایک میچ جیت سکی جبکہ چار میچ میں شکست ہوئی اور پانچ میچز کا کوئی نتیجہ بر آمد نہیں ہوا۔

کے سی سی اے اسٹیڈیم میں سندھ اور بلوچستان کی ٹیموں کے درمیان کھیلا جانے والا میچ ہار جیت کے فیصلہ کے بغیر ختم ہوگیا۔ میچ کے آخری روز بلوچستان کو میچ جیتنے کے لئے 291درکار تھے بلوچستان نے 33اوورز کے کھیل میں دووکٹوں کے نقصان پر 120رنز بنائے۔علی رفیق 12اور عبدالواحد22رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔اویس ضیاء52اور عبدالرحمان مزمل25رنز کے ساتھ ناٹ آؤٹ رہے۔محمد اصغر اور عامر علی نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔اس سے قبل سندھ نے دوسری اننگز میں 5کھلاڑیوں کے نقصان پر222رنز بنائے تھے۔سندھ نے تیسرے روز کھیل کا آغاز دو کھلاڑی آؤٹ 48رنز سے کیا تھا۔سندھ کی جانب سے

سید محمد تہامی نے 76 اور عماد عالم نے 46 رنز بنائے۔ رمیز عزیز 54 اور سیف اللہ بنگش 14 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ بلوچستان کی جانب سے زین اللہ نے تین وکٹیں لیں۔ سندھ نے پہلی اننگز میں 279 اور بلوچستان نے پہلی اننگز میں 211 رنز بنائے۔

ٹی ایم سی گراونڈ میں کھیلے جانے والے میچ میں خیبر پختونخواہ نے ناردرن کو 2 وکٹوں سے شکست دے دی۔ میچ کے آخری روز خیبر پختونخواہ کو میچ جیتنے کے لیے 191 رنز کا ہدف ملا تھا جو اس نے 8 وکٹوں پر حاصل کر لیا۔ خیبر پختونخواہ نے دوسری اننگز میں 193 رنز بنائے۔ خیبر پختونخواہ کی جانب سے زوہیب خان 84 گیندوں پر 48 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ ان کے ساتھ دوسرے ناٹ آؤٹ بیٹسمین محمد عمران تھے جنہوں نے 7 رنز بنائے۔ محمد حارث 35 اور صاحبزادہ فرحان 24 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ ناردرن کی جانب سے مبصر خان نے 3 وکٹیں لیں۔ انہوں نے میچ میں مجموعی طور پر 9 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ اس سے قبل ناردرن کی ٹیم 281 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ ناردرن نے تیسرے روز 8 کھلاڑی آؤٹ 279 رنز سے کھیل کا آغاز کیا تھا۔ عامر جمال گزشتہ روز کے اسکور 135 رنز پر ناٹ آؤٹ رہے۔ آصف آفریدی نے دوسری اننگز میں 6 اور میچ میں 11 وکٹیں حاصل کیں۔ محمد عمران نے تین شکار کیے۔ ناردرن نے پہلی اننگز میں 173 اور خیبر پختونخواہ نے پہلی اننگز میں 264 رنز بنائے تھے۔

نیشنل بنک آف پاکستان اسپورٹس کمپلیکس میں سنٹرل پنجاب اور سدرن پنجاب کی ٹیموں کے درمیان کھیلا جانے والا میچ ہار جیت کا فیصلہ ہوئے بغیر ختم ہوگیا۔ میچ کے آخری روز سدرن پنجاب کو میچ جیتنے کے لیے 236 رنز کا ٹارگٹ ملا تھا لیکن سدرن پنجاب کی ٹیم 49 اوورز کے کھیل میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 211 رنز بنا سکی۔ سدرن پنجاب کی جانب سے احمر اشفاق 32 اور محمد عرفان 7 رنز کے ساتھ ناٹ آؤٹ رہے۔ انس مصطفے نے 56 اور وقار حسین نے 51 رنز بنائے۔ سنٹرل پنجاب کی جانب سے محمد علی نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ اس سے قبل سنٹرل پنجاب نے 171 رنز تین کھلاڑی آؤٹ پر تیسرے روز دوسری اننگز کا دوبارہ آغاز کیا تھا، سنٹرل پنجاب کی پوری ٹیم 311 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ محمد عرفان خان 61، فہد منیر 54، عمران ڈوگر 56 اور رضوان حسین 40 رنز کے ساتھ نمایاں رہے۔ سدرن پنجاب کی جانب سے محمد عرفان نے 108 اور علی عثمان نے 93 رنز دے کر پانچ پانچ وکٹیں حاصل کیں۔ سنٹرل پنجاب نے پہلی اننگز میں 202 اور سدرن پنجاب نے پہلی اننگز میں 278 رنز بنائے۔

– ENDS –